NSW Department of Education

NSW
GOVERNMENT

سر کی جوؤں کے بارے میں والدین کیلئے اطلاع
Parental advice concerning head lice

بچے کا نام ______________________ Child's name   کلاس/گروپ ______________ Class/Group

محترم والد/والدہ/سرپرست

میرے اس خط کا مقصد آپ کو آگاہ کرنا ہے کہ ہمیں اوپر درج کلاس/گروپ کے کچھ طالبعلموں کے سر میں لیکھیں (انڈے) یا جوئیں موجود ہونے کا شک ہے۔

براہ مہربانی آج رات لیکھوں/جوؤں کا پتہ چلانے کیلئے اپنے بچے کے بال چیک کریں اور اگر آپ کو لیکھیں یا جوئیں ملیں تو لف ہذا معلوماتی پرچے سر کی جوؤں کے علاج کے مختلف طریقے میں لکھی تجاویز کے مطابق علاج شروع کر دیں۔

سر کی جوؤں کے بارے میں انگلش میں مزید معلومات NSW ہیلتھ ویب سائیٹ https://www.health.nsw.gov.au/environment/headlice/Pages/treatment.aspx پر یا اس پتے پر ڈیپارٹمنٹ کے ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں: https://education.nsw.gov.au/student-wellbeing/health-and-physical-care/health-care-procedures/conditions/head-lice

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہیں تو براہ مہربانی پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو پرنسپل سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹنگ سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

میں اس سلسلے میں آپ کے تعاون پر شکرگزار ہوں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

پرنسپل یا نامزد شخص
Principal or Nominee